پرچہ امتحان سالانہ جامعہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ ۱۴۳۹ھ / ۲۰۱۸ء

وقت: تین گھنٹے (دراسۃ الصرف ـــــ درجہ اعدادیہ) مقررہ نمبر: ۶۰

ہدایت: صرف چھ سوال حل کریں۔

(۱) حرف، فاعل، فعل لازم، فعل مجہول اور صیغہ کی تعریف کریں نیز ماضی مجہول بنانے کا قاعدہ مع مثال تحریر کریں۔ ۱۰

(۲) نون تاکید ثقیلہ کسے کہتے ہیں؟ فعل مضارع میں اس کا کیا اثر ہوتا ہے؟ مثالوں کے ساتھ تحریر کریں۔ ۱۰

(۳) "الکسر" مصدر سے ماضی منفی مجہول اور "الخروج" مصدر سے امر معروف کی گردان لکھ کر ترجمہ کریں۔ ۱۰

(۴) فعل ماضی کی آخری پانچ قسموں کی تعریف اور بنانے کا قاعدہ مثالوں کے ساتھ قلم بند کریں۔ ۱۰

(۵) اسم ظرف کی تعریف، بنانے کا قاعدہ اور اوزان تفصیل سے بیان کریں۔ ۱۰

(۶) ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے تمام ابواب علامتوں اور مثالوں کے ساتھ تحریر کریں نیز "المبارکۃ" مصدر سے صرف صغیر لکھ کر حرکات وسکنات سے مزین کریں۔ ۱۰

(۷) الف: اسم تفضیل بنانے کا قاعدہ مع مثال تحریر کریں۔ ۵

ب: درج ذیل جملوں کی عربی بنائیں۔ ۵

وہ سب کاٹے گئے۔ ہم ہرگز قید نہیں کیے جائیں گے۔ قتل کرنے بہت سے آلے۔ کئی پینے والیاں۔ تم سب (مؤنث) آپس میں دشمنی نہ کرو۔

www.googletheislam.blogspot.com

امتحان سالانہ　　الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور اعظم گڈھ　　سنہ ۱۴۳۹ھ / ۲۰۱۸ء

وقت: ۳ گھنٹے　　درجہ: اعدادیہ　　مجموعی نمبر ۵۰

(بینک حساب حصہ سوم)

سوال نمبر ۱: خالی جگہ بھرو　　۵ = ۱×۵

(الف) ۵ میٹر = ... سینٹی میٹر

(ب) ۵۳۷۵ ملی لیٹر = ... لیٹر ..... ملی لیٹر

(ج) ۵۱۲۳ گرام = ... کلوگرام ..... گرام

(د) ایک گھنٹہ میں ..... منٹ ہوتے ہیں۔

(ر) ۲ روپیہ + ۵ روپیہ = ... روپئے

www.googletheislam.blogspot.com

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل سوالات کو حل کریں۔　　۱۰ = ۲×۵

(الف) ۲۷۵۰ میٹر کو کلومیٹر و میٹر میں بدلو۔

(ب) ۱۸ کلوگرام ۵۰۰ گرام، ۹ کلوگرام ۷۵۰ گرام کا فرق معلوم کرو۔

(ج) ۱۶ گھنٹے ۵ منٹ کو منٹ میں بدلو۔

(د) ۱۲ لیٹر، ۱۰۶ لیٹر اور ۶۵ لیٹر کا جوڑ معلوم کرو۔

(ر) ۲۵۱ روپئے ۷۸ پیسے اور ۱۵۶ روپئے ۶۰ پیسے کا فرق معلوم کرو۔

سوال نمبر ۳: درج ذیل سوالات کو حل کریں۔　　۱۵ = ۳×۵

(الف) ۷۹ کلومیٹر سے ۳۷ کلومیٹر ۷۰۰ میٹر کو گھٹاؤ۔

(ب) منٹ کی سوئی کو ۲ سے ۵ تک جانے میں کتنا وقت لگے گا۔

(ج) ایک درجن کیلوں کے دام ۷۲۰ روپیہ ہے ۸ درجن کیلوں کے دام بتاؤ۔

(د) ۶ لیٹر ۳۲۵ ملی لیٹر، ۲ لیٹر ۵۵۰ ملی لیٹر اور ۳ لیٹر ۱۱۵ ملی لیٹر کا جوڑ معلوم کرو۔

(ر) ۵ کلوگرام ۶۰۰ گرام، ۲ کلوگرام ۲۸۵ گرام اور ۳ کلوگرام ۳۱۵ گرام کا جوڑ معلوم کرو۔

سوال نمبر ۴: مندرجہ ذیل سوالات کو حل کیجئے۔　　۲۰ = ۴×۵

(الف) ایک پھل بیچنے والے سے حامد نے ۳ روپئے ۷۵ پیسے کے پھل خریدے۔ اس نے پھل والے کو پانچ روپئے کا ایک نوٹ دیا۔ بتاؤ پھل والا حامد کو کتنے پیسے واپس کرے گا۔

(ب) بجلی کے تار کے ایک بنڈل میں ۷۵ میٹر تار تھا۔ اس میں سے ۵۶ میٹر ۸۰ سینٹی میٹر تار دو کھمبوں کے بیچ باندھ دیا گیا۔ بتاؤ بنڈل میں کتنا تار بچا ہے۔

(ج) کریم نے ۵ کلوگرام امرود خریدے اس میں سے ۳۵۰ گرام سڑ گئے باقی میں سے اس نے ۳ کلو ۲۵۰ گرام امرود بانٹ ڈالے۔ باقی امرود کا وزن معلوم کرو۔

(د) اکرم کی کار ایک لیٹر پٹرول سے ۸ کلومیٹر چلتی ہے۔ انہوں نے کار میں ۲۵ لیٹر پٹرول بھروایا۔ بتاؤ ۱۵۵ کلومیٹر چلنے کے بعد کار میں کتنا پٹرول باقی بچا؟

(ر) زید کے پاس دو روپئے ہیں۔ اس نے ۸۰ پیسے کی ایک کاپی اور ۲۵ پیسے کا ایک ربر خریدا۔ بتاؤ اس کے پاس اب کتنے پیسے بچے؟

امتحان سالانہ جامعہ اشرفیہ، مبارک پور-۱۴۳۹ھ/۲۰۱۸ء

وقت:۳؍گھنٹے (خوش خطی واملا-برائے درجۂ اعدادیہ) مجموعی نمبر:۱۰۰

سوال نمبر(۱): درج ذیل عبارت کو واضح اور خوش خط لکھیں:- ۲۰

حضرت علی کا قول ہے:وہ شخص جس کا دامن سنتِ الٰہی، سنتِ رسول اور اس کے محبوب بندوں کی سنت سے خالی ہو تو در حقیقت اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔ان سے پوچھا گیا کہ سنتِ الٰہی کیا ہے؟آپ نے جواب دیا:راز کی پردہ پوشی۔پھر پوچھا گیا:سنتِ رسول کیا ہے؟آپ نے فرمایا:آپس میں حسنِ سلوک سے پیش آنا، پھر پوچھا گیا:اس کے محبوب بندوں کی سنت کیا ہے؟تو آپ نے جواب دیا' لوگوں کی طرف سے ہونے والی تکلیف کو برداشت کرنا۔

سوال نمبر(۲): درج ذیل عبارت میں سے خط کشیدہ الفاظ کو صحیح کر کے لکھیں:- ۲۰

ایک گذارش میں اپنے نوجوان طبقہ سے کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ بیدار ہو جائیں اور اسلامی روایات کی ترف مائل ہو جائیں تو شاید ماہول بدلتے دیر نہیں لگے گی،اسلئے کہ خاندان کا ہر پھرد نوجوان نسل کی سنتا ہے اور اس کی مرزی کے متابق کام کو انجام دیتا ہے اور زیادہ تر املات میں دخل نوجوانوں کی اپنی مرزی کا ہی ہوتا ہے۔اللہ آپ کو سلامت رکھے اور آنے والی ضندگی کے ہر لحہ کو خوشگوار بنائے،آپ کی ہر آرزو کی تکمیل ہو اور ہر خوشی آپکے کدم چومے بس ہمارے دل کی آواز کو سن لیجیے اور اس پر امل کرنے کی کوشس کیجئے۔ہمارے علما کے مقدس قلم کی شیاہی کا ایک ایک قطرہ تمہارے حق میں دعا کرے گا۔

سوال نمبر(۳): درج ذیل عبارت میں جن الفاظ کا املا غلط ہے انھیں درست کر کے لکھیں:- ۱۰

نماز کے سبب رزک کے دروزے کھل جاتے ہیں، صحت کی حفاضت ہوتی ہے، تکلیف دور ہوتی ہے، دل کو تکویت ملتی ہے، چہرہ روشن ہوتا ہے، نفس کو راہت ملتی ہے، سستی دور ہوتی ہے، آلسا میں چستی آتی ہے، قوتیں بڑھتی ہیں، سینہ کشادہ ہوتا ہے، روح کو جلا ملتی ہے، دل منور ہو جاتا ہے، نعمت محفوکش رہتی ہے، بلا دور ہو جاتی ہے، برکت آجاتی ہے، شیطان دور ہو جاتا ہے اور رحمٰن کی کربت نسیب ہوتی ہے۔خلاصۂ کلام یہ کہ قلب و بدن اور ان کی قوتوں کی حفاضت میں اور فاسد مواد کو ان سے دفع کرنے میں نماز کی عجیب تاثیر ہے۔

سوال نمبر(۴): درج ذیل عبارت کو پہلے خوب غور سے دیکھ لیجیے تاکہ ہر غلطی نظر میں آجائے پھر صحیح املا کے ساتھ پوری عبارت تحریر کیجیے:- ۱۰

نبی آخر الزماں ﷺ جس زمانے میں مبعوص ہوئے وہ بت پرستی کے عوروج کا زمانہ تھا، خود خانۂ خدا میں تین سو ساٹھ بت نسب تھے، اس لیے آپ پر ناذل ہونے والی کتاب قرآن مجید میں الوہیت کے تمام مسائل کو شرح وبست کے ساتھ ذکر کر دیا گیا، اللہ رب العزت کی وحدانیت پر دلائیل قائم کر دیے گئے اور اس کی ذات و سفات میں کسی کے شریک ہونے کے بطلان کو آفتابِ نیم روز کیطرح روشن کر کے قیامت تک آنے والے تمام انسانوں کے لئے ہدایتکا سامان فراہم کر دیا گیا۔

سوال نمبر(۵): درج ذیل الفاظ کو صحیح املا کے ساتھ لکھیں:- ۲۰

نالائک	فجول خرچی	آسودہ بال	گلام	سندوق
مکدمہ	بے گرض	سچینہ	کھلونہ	عقلمندی
ماصوم	قوبول	رائیگانی	حقدار	مافی
مفلصی	منافعہ	ایمانداری	سوّال	تفصیر

سوال نمبر(۶): درج ذیل الفاظ کے معانی لکھ کر اپنے جملوں میں استعمال کریں:- ۵

شفاف غرور مشقت زورآور کشتی

ظلمت صدا سلیقہ ورزش سعادت

سوال نمبر(۷): درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر کم از کم پندرہ سطروں پر مشتمل ایک مضمون لکھیں:- ۱۵

ہمارا اسکول میری پسندیدہ کتاب برسات کا موسم

www.googletheislam.blogspot.com

۷۸۶۔امتحان سالانہ جامعہ اشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ۔۱۴۳۹ھ/۲۰۱۸ء

وقت: تین گھنٹے (منہاج العربیہ، ثانی ـــــ درجۂ اعدادیہ) مجموعی نمبر: ۱۰۰

❶ مندرجہ ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کیجیے۔..... ۲۰

① المحاية مفيدة.② تلك الطاولة صغيرة ، لا كبيرة.③ البنت مشغولة بالقراءة . ④ الحدائق كبيرة . ⑤ قراءة التلميذ جيدة. ⑥ نزهة الصباح مفيدة.⑦ في يده محفظة الكتب. ⑧ أهي ذاهبة إلى المدرسة؟.⑨ عربة المدرسة واقفة أمامها. ⑩ هم في رياضة بدنية . ⑪ الرياضة البدنية لازمة لكل تلميذ. ⑫ تلك المرأة الفرنجية ناظرة إليهم مع زوجها وهي مسرورة. ⑬ فيها كتب وكراسات ومبراة وقلم الرصاص. ⑭ كيف هواء المدينة وماء ها؟. ⑮ هواء ها طيب وماءها عذب.⑯ الولد خرج من البيت وذهب إلى المدرسة . ⑰ متى تذهب إلى المدرسة كل يوم؟. ⑱ نلعب بكرة القدم في الميدان.⑲ الله ربنا ورب كل شيء.⑳ انهض من النوم صباحا واعبد ربك.

❷ درج ذیل جملوں کا عربی میں ترجمہ کیجیے۔..... ۲۰

① تم جیسا بوؤ گے کاٹو گے۔ ② کوشش ہر کامیابی کے لیے ضروری ہے۔ ③ میرے پروردگار! تیری رحمت بڑی ہے۔ ④ تو ہر شخص کو بے حساب دیتا ہے۔ ⑤ اچھی طرح جان لو کہ اللہ کا عذاب سخت ہے۔ ⑥ اللہ نے سمندر میں بہت سی مچھلیاں پیدا کیں۔ ⑦ سرما میں انجیر کھاؤ؛ کیوں کہ انجیر گرم ہے۔ ⑧ دودھ لڑکے کو قوی بنائے گا۔ ⑨ لوگ گوشت، چاول اور گھی سے کھانا تیار کرتے ہیں۔ ⑩ کیا تم نے سیتا پھل کے درخت دیکھے۔ ⑪ نماز کسی حال میں نہ چھوڑو؛ کیوں کہ وہ دین کا ستون ہے۔ ⑫ بڑوں کے سامنے ادب سے بیٹھو۔ ⑬ اٹھو اور آسمان کی طرف دیکھو۔ ⑭ سنترہ سیب سے سستا ہے۔ ⑮ اونٹ گھوڑے سے لمبا ہے۔ ⑯ اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ ⑰ یہ خوب صورت پھول ہیں، لڑکے ان کو توڑیں گے۔ ⑱ میں کبھی تجارت بال کھیلتا ہوں اور کبھی دوستوں کے ساتھ۔ ⑲ آپ منگل کے دن کہاں جائیں گے؟۔ ⑳ مسلم کسی حالت میں نماز سے غفلت نہیں کرتا ہے۔

❸ ان سوالوں کے عربی میں جواب دیجیے۔..... ۲۰

① أي شيء خيبة ؟. ② لمن السماوات؟.③ من يعلم السرّ؟. ④ متى ترقدون؟.⑤ أين تسكنون؟. ⑥ ماذا يفعل اللبّان؟. ⑦ كيف شكل الستافل؟. ⑧ أين يقرأ الأولاد؟.⑨ أخلقتم السماء؟ ⑩ أتمزح في الصف؟.

❹ خالی جگہ پر کیجیے، پھر ان کا ترجمہ بھی لکھیے۔..... ۱۰

① رسول الإسلام..... ② ..... للكتابة. ③ قنوالموز..... ④ .....جالسة. ⑤ البرتقال.....

❺ ضمیروں کی مناسبت سے ماضی اور مضارع کے صیغے لکھیے۔..... ۱۰

① أنت قطف.② نحن ركع.③ أنتم علم. ④ هم سمع. ⑤ أنا رجع.

❻ درج ذیل الفاظ کے ساتھ مناسب صفت لگائیے۔..... ۱۰

① اللبن.....② إمرأة ..... ③ المبراة..... ④ تلميذ ..... ⑤ المحاية .....⑥ كلمة ..... ⑦ الأزهار.....⑧ أيام .....⑨ البنت ..... ⑩ شجرة .....

❼ مندرجہ ذیل عبارت پر اعراب لگائیے اور اردو میں ترجمہ کیجیے۔..... ۱۰

وهو دين الإسلام ،لا دين الخصام .أحكامه في القرآن المجيد ، وهو في اللسان العربي،والعربي خير لسان ولٰكن لايعرف أهل الإسلام هٰذا اللسان،فلا هم إليه يرغبون ولالقراءته يجهدون،فيه القرآن وفيه الحديث وفيه كل علم ديني.أفليس من الواجب عليكم قراءته؟.

www.googletheislam.blogspot.com

پرچہ امتحانِ سالانہ الجامعۃ الاشرفیہ، مبارک پور، اعظم گڑھ ۱۴۳۹ھ/۲۰۱۸ء

وقت : تین گھنٹے (فارسی قواعد و اِنشا ---- درجۂ اعدادیہ) مجموعی نمبر : ۱۰۰

الف ــــ حصۂ قواعد ــــ ۳۰

① افعالِ وجوبی کی تعریف اور بنانے کا قاعدہ مع مثال تحریر کرو۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ ۱۰

② شرط و جزا کی تعریف کرو، اور مثال سے شرط و جزا کی وضاحت کرنے کے بعد حروفِ شرط شمار کرو۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ ۱۰

③ توانستن کی مدد سے کون سے جملے بنائے جاتے ہیں؟ بتاؤ، اور اس کے استعمال کا طریقہ مثالوں کے ساتھ تحریر کرو۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ ۱۰

ب ــــ حصۂ اِنشا ــــ ۷۰

⑥ درج ذیل جملوں کا اردو میں ترجمہ کرو۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ ۱۰

۱- دلا! اگر خردمندی و ہوشیار، مکن صحبت جاہلاں اختیار -۲- اے پسر! ہرگز مخور نانِ بخیل۔ بر فرمان دار لازم بود کہ در علاقۂ فساد زدہ رود۔ -۳- خرِ آرجُل اطلس بپوشد خر است۔ چوں پیر شدی حافظ از مے کدہ بیروں شو -۴- تو بر من بلا وجہ چرا شوریدن گرفتی۔ گمہا نمی گزارند کہ ما بخوریم -۵- تو بر من بلا وجہ چرا شوریدن گرفتی۔ بگزارید کہ او با احمد بمصطبہ رود۔

⑤ درج ذیل جملوں کی فارسی بناؤ۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ ۱۰

۱- اے سلیم ! نوکر سے کہہ دے کہ گائے کو بھوسا اور کھلی ڈال دے ، اس کے بعد گوبر ہٹا دے -۲- خالد کو امرود کھانے کی وجہ سے کھانسی آنے لگی -۳- دلدار کو ایسی بیماری ہوئی کہ کوئی ڈاکٹر اسے پہچان نہ سکا -۴- اے شخص ! اگر تو عاجزی سے پیش آئے گا تو ساری مخلوق تیری دوست ہو جائے گی -۵- اگر میں لکھنؤ جاتا تو ریڈیو اسٹیشن دیکھتا۔

④ درج ذیل عبارات کا اردو میں ترجمہ کرو۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ ۲۰

۱- کودک بر پشتِ اسپ نشستہ قلم اُسرب و کاغذ بدست گرفتہ چیزے می نوشت، پدرش دید و پرسید انور چہ می کنی؟ پسر گفت: دیروز آخوند فرمودند کہ بر اسپ مضمون بنویس و بیار، حالا سعی می کنم، ولے اسپ حرکت می کند و نمی توانم بنویسم۔

۲- پیغمبر اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم در اخلاق نظیر نہ داشتند، تمام صفاتِ خوب در وجود پاک وے جمع بودند، یتیماں را نوازش و بیماراں را عیادت می فرمودند۔

۳- در حین خوردن غذا و بعد ازاں ہمیشہ باید شاد و خرم و خنداں بودہ، سخن ہاے غم انگیز و کدورت آمیز را بہ کلی دور انداخت و در حال غضب و عصبانیت و ہیجان نہ باید غذا خورد کہ بجاے صحت مضرت می بخشد، خندیدن برائے قوت اعصاب و سہولتِ ہضم و رفع یبوست بسیار نافع است۔

۴- منتہاے کار تو دائم کہ آمرزیدن است — زاں کہ من از رحمتِ بے منتہا دارم امید
شکّر بدہ گویک سخن ، تلخ است بر من جان من — بارے نقاب از رخ فگن ، بہر رضائے خستہ جاں

۵- شہا بے کس نوازی کن طبیبا چارہ سازی کن — مریضِ درد عصیانم اَغِثنی یا رسول اللہ
بہر خدا مرہم بنہ ، از کار من بکشا گِرہ — فریادرس دادے بدہ ، دستے بما افتادگاں

۲۰

⑦ درج ذیل عبارات کی فارسی بناؤ۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

۱- یہاں شہد کی مکھیوں کا چھتا ہے، ہاتھ نہ لگاؤ ورنہ کاٹ لیں گی، آخر ایک مکھی نے کاٹ ہی لیا، ہر چند منع کیا، لیکن نہ مانا، اب روتا ہے، تڑپتا ہے، اس کی صورت دیکھ مجھے ہنسی آتی ہے۔

۲- الجامعۃ الاشرفیہ ہندوستان میں حنفی مسلک کا ایک مضبوط قلعہ ہے جس کا پرانا نام "مصباح العلوم" ہے، اسی وجہ سے یہاں کے فارغین "مصباحی" کہے جاتے ہیں۔

۳- خانۂ کعبہ کی بنیاد سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے رکھی، طوفان نوح کے بعد جب دنیا کی تعمیرات درہم برہم ہو گئیں تو اسی بنیاد پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دوسری بار کعبے کی عمارت تیار کی۔

۴- اسلامی نظام سلطنت کے تمام شعبے عہد فاروقی میں قائم ہو چکے تھے اور ان کی عملی جد و جہد نے تابندہ مثالی نمونہ پیش کر دیا تھا، حضرت عثمان غنی نے انھیں خطوط پر اپنے نظامِ حکومت کی بنیاد رکھی۔

۵- ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ کے عقل مند لوگوں میں تھے، بتوں کی عبادت کو حماقت سمجھتے تھے اور محمد عربی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صداقت و امانت کے قائل تھے، جب انھوں نے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی باتیں سنیں تو کسی شک و شبہہ کے بغیر ان پر ایمان لائے۔

۱۰

⑧ درج ذیل محاورات کا اردو میں ترجمہ کرو۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ

⊙ از ما کشیدن، بشما بخشیدن۔ ⊙ حلوا خوردن را روی باید۔ ⊙ شب در پس، صبح دارد۔ ⊙ شلغم پختہ بہ کہ نقرۂ خام۔ ⊙ کاسہ از آش گرم۔

۱۰

⑨ اپنے دوست کے نام فارسی زبان میں ایک خط لکھو اور اسے اپنے بھائی کی شادی میں شرکت کی دعوت دو۔ ــــــــــــــــــــــــــــــــ ۱۰

www.googletheislam.blogspot.com

سو نمبر کے جواب لکھو

۷۸۶ - امتحانِ سالانہ جامعہ اشرفیہ مبارک پور ۱۴۳۹ھ / ۲۰۱۸ء

وقت ۳ گھنٹے (انوارِ شریعت) - درجہ (عدادیہ) مجموعی نمبر - ۱۰۰

۱ - رسول اور نبی کون ہوتے ہیں؟ ہمارے نبی کون ہیں؟ ان کا کچھ حال بیان کیجیے ——— ۱۵

۲ - تقدیر کسے کہتے ہیں؟ کیا اللہ تعالیٰ نے جیسا ہماری تقدیر میں لکھ دیا ہے ہمیں مجبوراً ویسا کرنا پڑتا ہے؟ تقدیر کے انکار کرنے والے پر کیا حکم ہے؟ ——— ۱۵

۳ - شرک کسے کہتے ہیں؟ کفر کسے کہتے ہیں؟ کیا ہر قسم کا گناہ توبہ سے معاف ہو سکتا ہے؟ ——— ۱۵

۴ - بدعت کسے کہتے ہیں اور اس کی کتنی قسمیں ہیں؟ میلاد شریف کی محفل منعقد کرنا کیسا ہے؟ حدیث "کُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ" میں کون سی بدعت مراد ہے؟ ——— ۱۵

۵ - وضو کرنے کا طریقہ تحریر کیجیے۔ کن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے بیان کیجیے ——— ۱۵

۶ - استنجا کا طریقہ کیا ہے؟ کن چیزوں سے استنجا کرنا منع ہے؟ اور کن جگہوں پر پیشاب و پاخانہ کرنا منع ہے؟ ۱۵

۷ - نماز کی شرطیں کتنی ہیں؟ نماز میں کتنی چیزیں فرض ہیں؟ خروج بصنعہٖ کسے کہتے ہیں؟ ——— ۱۵

۸ - قربانی کرنا کس پر واجب ہے؟ قربانی کا مالک نصاب کون ہے؟ کیا ہر سال اپنے نام قربانی کرنا واجب ہے؟ ——— ۱۵

۹ - صدقۂ فطر دینا کس پر واجب ہے؟ صدقۂ فطر کی مقدار کیا ہے؟ صدقۂ فطر کن لوگوں کو دینا جائز ہے؟ ۱۵

۱۰ - پانی پینے کے آداب تحریر کیجیے ——— ۱۰

نوٹ: - صرف سات سوالوں کے جوابات مطلوب ہیں لیکن سوال نمبر ۱۰ کا جواب لازمی ہے ———

www.googletheislam.blogspot.com

سالانہ امتحان جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ ۱۴۳۹ھ / ۲۰۱۸ء

وقت : تین گھنٹہ　　درجہ ابتدائیہ ـــــ دراسۃ النحو　　نمبر : ۴۰

سوال نمبر ۱ : اسباب منع صرف کتنے ہیں ؟ ہر ایک کی تعریف مع مثال تحریر کریں ـــــــــــ

سوال نمبر ۲ : ماضی، مضارع، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ اور اسم تفضیل کے کن صیغوں میں کب ضمیر پوشیدہ ہوتی ہے اور کب ظاہر ؟ مثالوں کے ساتھ بالتفصیل قلم بند کریں ـــــ

سوال نمبر ۳ : حروف مشبہ بالفعل، اسمائے شرطیہ اور افعال مقاربہ شمار کرائیں اور ان کا عمل بیان کریں۔

سوال نمبر ۴ : مرکب اور جملہ کے تمام اقسام مع مثال تحریر کریں ـــــــــــ

سوال نمبر ۵ : مجرورات اور موانع تنوین کی وضاحت کریں ـــــــــــ

سوال نمبر ۶ : کلمات استثنا، کنایات اور مستثنیٰ کی قسموں کی تعریف اور ان کا اعراب بیان کریں ـــــ

سوال نمبر ۷ : جمع اور اس کی تمام اقسام کی تعریف مع مثال تحریر کریں ـــــــــــ

نوٹ : صرف پانچ سوالات حل کریں، سب کے نمبر مساوی ہیں۔

www.googletheislam.blogspot.com

अलजामेअतुल अशरफिया, मुबारकपुर

वार्षिक परीक्षा सन 2018 / 1439हि० कक्षा एदादिया, विषय हिन्दी

समय : 3 घण्टे اعدادیہ ھندی पूर्णांक : 50

नोट – सभी प्रश्न अनिवार्य हैं, सभी प्रश्नों के अंक समान हैं।

प्र01– निम्नलिखित प्रश्नों के उत्तर दो।

(1)– मजदूर के पैसे से एक रेवड़ बकरी कैसे हो गई?

(2)– गुरूनानक क्या उपदेश देते थे?

(3)– रावण कौन था और कहां का रहने वाला था?

(4)– भोजन के अर्क से क्या क्या बनता है?

(5)– गौतम बुद्ध का जन्म कहां हुआ और यह स्थान कहां है?

प्र02– खाली जगह भरो।

1. चरखा चलाती बुढ़िया से पूछने लगे.....।
2. आपने ज्यों ज्यों इस्लाम के प्रचार प्रसार .....।
3. अपने माता पिता से कह कर..... मँगवा दिया करो।
4. मैं तुम्हारे हाथ की रेखायें.....।
5. जब जहाज़ सिन्धु के नज़दीक पहुंचा तो .....।

प्र03– निम्नलिखित का वाक्यों में प्रयोग करो।

उपहार, एकान्त, अवगत, द्वेष, आमाशय

प्र04– निम्नलिखित का विलोम लिखो।

दुर्गन्ध, दुष्ट, असफल, सत्य, निर्धन

प्र05– निम्नलिखित में से किसी एक पाठ का सारांश लिखो।

1–परिश्रम 2–सहायता 3–आदर्श मित्र

प्र06– अपने प्रधानाचार्य को दो दिनों के अवकाश हेतु प्रार्थना–पत्र लिखो।

प्र07– अपनी पाठ्य–पुस्तक से किसी कविता की दस पंक्तियां लिखो।

प्र08– निम्नलिखित में से किसी एक विषय परएक पृष्ठ का निबन्ध लिखो।

1–हमारे प्रधानाचार्य 2–हमारी प्रिय पुस्तक 3–मेरा भारत महान

प्र09– निम्नलिखित का उर्दू तरजमा करो।

1. यह विचार कर माँ के समक्ष खड़ा था।
2. ये युद्ध है, कोई बच्चों का खेल नहीं, तुम्हें इससे क्या सम्बन्ध है।
3. मैं ही वह भाग्यहीन जँगी हूं जिसकी प्रजा पर अत्याचार हो रहे हैं तथा अनभिज्ञ है।
4. अनेको प्रयोग करके अन्त में भाप के इंजन का निर्माण किया।
5. गौतम बुद्ध बाल्य–काल से ही बड़े गम्भीर तथा चिन्तन शील थे।

प्र010– निम्नलिखित का हिन्दी अनुवाद करो।

(۱)–شادی کے بعد بھی گوتم بدھ کی طبیعت دنیاوی سکھوں میں نہ لگ سکی۔

(۲)–اس شکست کے بعد راجا داہر نے کچھ دیگر راجاؤں کو جمع کیا۔

(۳)–اصل میں انسان کی قسمت اس کی محنت سے بنتی ہے، ہاتھ کی لکیروں سے نہیں۔

(۴)–اگر تمہارے مدرسے میں کوئی نادار طالب علم علم حاصل کر رہا ہو تو اس کی مدد کرو۔

(۵)–حضرت ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بڑی ایمان داری اور دور اندیشی سے اسلامی حکومت کو دو برس تک چلایا۔

www.googletheislam.blogspot.com

۷۸۶ - پرچہ امتحان سالانہ، جامعہ اشرفیہ مبارک پور اعظم گڑھ — ۱۴۳۹ھ / ۲۰۱۸ء

وقت: تین گھنٹے۔ — **(سیرت خلفاے راشدین — اعدادیہ)** — مفرد ضمنبر: ۱۰۰

تنبیہ: صرف چھ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں اور آخری سوال لازم ہے۔

(۱) حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اسلام لانے کا پورا واقعہ لکھتے ہوئے یہ بھی بتائیے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے اسلام لانے کے متعلق کیا فرمایا اور سب سے پہلے اسلام کس نے قبول کیا؟ ——— ۱۸

(۲) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خلافت کیسے عمل میں آئی؟ پورا واقعہ تحریر کیجیے۔ ——— ۱۸

(۳) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا نام و نسب اور قبل اسلام خاندانی حالات تحریر کرتے ہوئے یہ بتائیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آپ کے حق میں کیا دعا فرمائی تھی؟ ——— ۱۸

(۴) اذان کی ابتدا کیسے ہوئی؟ اسیرانِ بدر کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے اور اس رائے کا مرتبہ کیا تھا؟ غزوۂ احزاب کا واقعہ کیا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔ ——— ۱۸

(۵) فتح مدائن اور فتح نہاوند کی تفصیل تحریر کیجیے۔ ——— ۱۸

(۶) فاروقی نظام حکومت کے بارے میں اپنی معلومات کتاب کی روشنی میں تحریر کیجیے۔ ——— ۱۸

(۷) "جیش عسرہ" پر روشنی ڈالتے ہوئے اس کے لیے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کا ایثار بیان کیجیے اور والی بصرہ کی معزولی کا واقعہ لکھیے۔ ——— ۱۸

(۸) خلیفۂ سوم حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے روشن کارنامے "مسجد نبوی کی توسیع" اور "جمع قرآن" کو بیان کیجیے ——— ۱۸

(۹) خلفاے ثلاثہ کے عہد میں حضرت علی مرتضی رضی اللہ عنہ کا کیا کردار رہا؟ اور اشاعتِ دین میں آپ کا کیا کارنامہ ہے؟ قلم بند کیجیے ——— ۱۸

(۱۰) حضرت عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ نے غصب شدہ جاگیروں کی واپسی کس طرح کروائی؟ ——— ۱۰

www.googletheislam.blogspot.com